CAREERINDIA

Language Code : **20**

इस पुस्तिका में **20** मुद्रित पृष्ठ हैं।
This booklet contains **20** Printed pages.

# SED-24-I

**प्रश्न-पत्र-I / PAPER-I**
**उर्दू भाषा परिशिष्ट**
**Urdu Language Supplement**
**भाग-IV & V / PART-IV & V**

**मुख्य परीक्षा पुस्तिका संख्या / Main Test Booklet No.**

**मुख्य परीक्षा पुस्तिका कोड / Main Test Booklet Code**

# K

**इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए।**
**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**
**इस परीक्षा पुस्तिका के पिछले आवरण (पृष्ठ 19 व 20) पर दिए निर्देशों को ध्यान से पढ़ें।**
**Read carefully the Instructions on the Back Cover (Page 19 & 20) of this Test Booklet.**

**उर्दू में निर्देशों के लिए इस पुस्तिका का पृष्ठ 2 देखें। / FOR INSTRUCTIONS IN URDU SEE PAGE 2 OF THIS BOOKLET.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. यह पुस्तिका मुख्य परीक्षा पुस्तिका की एक परिशिष्ट है, उन परीक्षार्थियों के लिए जो **या** तो भाग IV (भाषा I) **या** भाग V (भाषा II) **उर्दू** भाषा में देना चाहते हैं, लेकिन **दोनों नहीं**।
2. परीक्षार्थी भाग I एवं भाग II **या** III के उत्तर मुख्य परीक्षा पुस्तिका से दें और भाग IV व V के उत्तर उनके द्वारा चुनी भाषाओं से।
3. अंग्रेज़ी व हिन्दी भाषा पर प्रश्न मुख्य परीक्षा पुस्तिका में भाग IV व भाग V के अन्तर्गत दिए गए हैं। भाषा परिशिष्टों को आप अलग से माँग सकते हैं।
4. इस पृष्ठ पर विवरण अंकित करने एवं OMR उत्तर पत्र पर निशान लगाने के लिए **केवल काले/नीले बॉल पॉइंट पेन** का प्रयोग करें।
5. इस भाषा पुस्तिका का **संकेत** है **K**। यह सुनिश्चित कर लें कि इस भाषा परिशिष्ट पुस्तिका का संकेत, OMR उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** एवं मुख्य परीक्षा पुस्तिका पर छपे संकेत से मिलता है। अगर यह भिन्न हो, तो परीक्षार्थी दूसरी भाषा परिशिष्ट परीक्षा पुस्तिका लेने के लिए निरीक्षक को तुरन्त अवगत कराएँ।
6. इस परीक्षा पुस्तिका में **दो** भाग IV और V हैं, जिनमें **60** वस्तुनिष्ठ प्रश्न हैं, जो प्रत्येक 1 अंक का है :
   भाग-IV : भाषा-I (उर्दू) (प्र. 91 से प्र. 120)
   भाग-V : भाषा-II (उर्दू) (प्र. 121 से प्र. 150)
7. भाग-IV में भाषा-I के लिए 30 प्रश्न और भाग-V में भाषा-II के लिए 30 प्रश्न दिए गए हैं। इस परीक्षा पुस्तिका में केवल उर्दू भाषा से संबंधित प्रश्न दिए गए हैं। **यदि भाषा-I और/या भाषा-II में आपके द्वारा चुनी गई भाषा(एँ) उर्दू के अलावा है तो कृपया उस भाषा वाली परीक्षा पुस्तिका माँग लीजिए। जिन भाषाओं के प्रश्नों के उत्तर आप दे रहे हैं वह आवेदन पत्र में चुनी गई भाषाओं से अवश्य मेल खानी चाहिए।**
8. **परीक्षार्थी भाग-V (भाषा-II) के लिए, भाषा सूची से ऐसी भाषा चुनें जो उनके द्वारा भाषा-I (भाग-IV) में चुनी गई भाषा से भिन्न हो।**
9. रफ कार्य परीक्षा पुस्तिका में इस प्रयोजन के लिए दी गई खाली जगह पर ही करें।
10. सभी उत्तर केवल OMR उत्तर पत्र पर ही अंकित करें। अपने उत्तर ध्यानपूर्वक अंकित करें। उत्तर बदलने हेतु श्वेत रंजक का प्रयोग निषिद्ध है।

## INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. This booklet is a supplement to the Main Test Booklet for those candidates who wish to answer **EITHER** Part IV (Language I) **OR** Part V (Language II) in **URDU** language, but **NOT BOTH**.
2. Candidates are required to answer Part I and Part II **OR** III from the Main Test Booklet and Parts IV and V from the languages chosen by them.
3. Questions on English and Hindi languages for Part IV and Part V have been given in the Main Test Booklet. Language Supplements can be asked for separately.
4. Use **Black/Blue Ball Point Pen only** for writing particulars on this page/ marking responses in the OMR Answer Sheet.
5. The CODE for this Language Booklet is **K**. Make sure that the CODE printed on **Side-2** of the OMR Answer Sheet and on your Main Test Booklet is the same as that on this Language Supplement Test Booklet. In case of discrepancy, the candidate should immediately report the matter to the Invigilator for replacement of the Language Supplement Test Booklet.
6. This Test Booklet has **two** Parts, IV and V, consisting of **60** Objective Type Questions, each carrying 1 mark :
   Part-IV : Language-I (Urdu) (Q. 91 to Q. 120)
   Part-V : Language-II (Urdu) (Q. 121 to Q. 150)
7. Part-IV contains 30 questions for Language-I and Part-V contains 30 questions for Language-II. In this Test Booklet, only questions pertaining to Urdu language have been given. **In case the language/s you have opted for as Language-I and/or Language-II is a Language other than Urdu, please ask for a Test Booklet that contains questions on that language. The language being answered must tally with the languages opted for in your Application Form.**
8. **Candidates are required to attempt questions in Part-V (Language-II) in a language other than the one chosen as Language-I (in Part-IV) from the list of languages.**
9. Rough work should be done only in the space provided in the Test Booklet for the same.
10. The answers are to be recorded on the OMR Answer Sheet only. Mark your responses carefully. No whitener is allowed for changing answers.

परीक्षार्थी का नाम (बड़े अक्षरों में) : ____________________
Name of the Candidate (in Capitals) :

अनुक्रमांक : (अंकों में) / Roll Number : in figures ____________________
: शब्दों में / in words ____________________

परीक्षा केन्द्र (बड़े अक्षरों में) : ____________________
Centre of Examination (in Capitals) :

परीक्षार्थी के हस्ताक्षर : ____________________ निरीक्षक के हस्ताक्षर : ____________________
Candidate's Signature : Invigilator's Signature :

Facsimile Signature Stamp of
Centre Superintendent : ____________________

www.careerindia.com

CAREERINDIA

امتحان سوالنامہ کوڈ

**K**

# SED-24-I

پرچہ -I

Language Code : **20**

# ضمیمہ اُردو زبان

اس کتابچہ میں 20 صفحات ہیں

حصّہ IV، V

اس سوال نامے کو اُس وقت تک نہ کھولیں جب تک کہا نہ جائے۔

سوال نامے کی پشت 19، 20 پر دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

**امیدواروں کے لیے ہدایات :**

1. یہ کتابچہ ان امیدواروں کے لیے بنیادی سوال نامے کا ضمیمہ ہے جو اُردو زبان کے حصّہ IV (زبان I) یا حصّہ V (زبان II) میں جواب دینا چاہتے ہیں۔ **مگر دونوں میں نہیں۔**
2. امیدواروں کو بنیادی سوال نامے کے حصّہ I، II، III کے جواب بنیادی سوال نامے سے دیں اور حصّہ IV، V کے جوابات زبانوں میں لکھنے ہوں گے جن کا انھوں نے انتخاب کیا ہے۔
3. حصّہ IV اور V میں ہندی اور انگریزی زبانوں کے سوالات بنیادی سوال نامے میں دیے گئے ہیں۔ زبان کے ضمیمے کو الگ سے مانگا جا سکتا ہے۔
4. اس صفحے پر جواب لکھنے / کوائف لکھنے کے لیے **صرف کالے/نیلے بال پین** کا ہی استعمال کریں۔
5. اس سوال نامے کا کوڈ **K** ہے۔ جواب نامے کے دوسری جانب دیا گیا کوڈ اور آپ کے بنیادی سوال نامے کا کوڈ ایک ہی ہونا چاہیے، جیسا زبان کے صفحہ 2 پر ہے۔ اگر اُس میں کہیں کوئی فرق ہے تو اُمّید وار کو فوراً نگراں کو اطلاع دے کر اس سے زبان کے سوال نامے کا دوسرا ضمیمہ طلب کرنا ہوگا۔
6. اس سوال نامے کے دو حصّے ہیں، IV اور V جو **60** معروضی سوالات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال کا **ایک (1)** نمبر ہے۔
   حصّہ IV زبان I اُردو (سوال نمبر 91 تا 120)
   حصّہ V زبان II اُردو (سوال نمبر 121 تا 150)
7. حصّہ IV زبان I کے 30 سوال اور حصّہ V زبان II کے 30 سوال ہیں۔ اس سوال نامے میں صرف اُردو کے سوالات ہیں۔ **اگر آپ نے اس زبان/زبانوں کو زبان I اور/ یا زبان II کی حیثیت سے انتخاب کیا ہے جو اُردو زبان نہیں ہے تو اسی زبان کا سوال نامہ طلب کیجئے۔ آپ کے جواب اسی زبان میں ہونے چاہئیں جسے آپ نے اپنی درخواست میں انتخاب کیا ہے۔**
8. **امیدواروں نے زبان I (حصّہ IV) کی حیثیت سے جس زبان کا انتخاب کیا ہے حصّہ V (زبان II) کے جواب انھیں اس کے علاوہ فہرستِ زبان میں سے دی گئی زبانوں میں سے کسی میں دینے ہوں گے۔**
9. امیدوار کو کچّا کام امتحان کے سوال نامے میں دی گئی خالی جگہ میں ہی کرنا ہوگا۔
10. جوابات کا اندراج صرف OMR جواب نامے پر ہی کرنا ہوگا۔ جوابی نشانات احتیاط سے لگائیں۔ سفیدے کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

امیدوار کا نام : (جلی حروف میں) ____________________

رول نمبر : اعداد میں ____________________

: الفاظ میں ____________________

امتحان کا مرکز : (جلی حروف میں) ____________________

امیدوار کے دستخط : ____________________ نگراں کے دستخط ____________________

سینٹر سپرنٹنڈنٹ کے دستخط کی مہر ____________________

www.careerindia.com

اُمّید وارسوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120)

صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

Candidates should attempt the questions from **Part-IV (Q.No. 91-120)**, if they have opted **URDU** as **Language-I** only.

www.careerindia.com

CAREERINDIA

# PART-IV
## LANGUAGE-I
## URDU

اُمّید وارسوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**ہدایت : نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیئے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : (سوال نمبر 91 تا 99)**

دلی میں ایک بڑے نامی حکیم تھے۔ ہندو مسلمان سب ان کی عزت کرتے تھے۔ حکیم اجمل خاں کو لوگ 1921 ءتک بس ایک اچھا حکیم ہی جانتے تھے۔ ان کی ٹکّر کا ہندوستان میں کوئی حکیم نہیں تھا۔ نوابوں راجاؤں سے ماہوار ہزاروں کی رقمیں بندھی ہوئی تھیں۔ دلّی سے باہر جانے کی ایک ہزار روپیہ روزانہ فیس مقرّر تھی۔ آپ سمجھتے ہوں گے اتنا بڑا طبیب تو بس امیروں ہی کا علاج کر سکتا ہے۔ غریبوں کو بھلا ان سے کیا فائدہ پہنچتا ہوگا۔ لیکن یہ بات نہیں ہے۔ ان کی نظر میں امیر، غریب سب برابر تھے۔ وہ جو کچھ کماتے اپنے عزیزوں اور غریبوں کی مدد اور قومی کاموں میں اٹھا دیتے۔ دینے کا انداز ایسا ہوتا کہ ایک ہاتھ سے دیتے تو دوسرے ہاتھ کو خبر نہ ہوتی اور لینے والا بھی شرمندہ نہ ہوتا۔

www.careerindia.com

**91.** امیر کا متضاد ہے :

(1) صغیر (2) فقیر (3) غریب (4) حقیر

**92.** حکیم اجمل خان جو کچھ کماتے انھیں کن کاموں میں اٹھا دیتے تھے ؟

(1) وہ سب روپیہ تعلیمی اداروں پر خرچ کر دیا کرتے تھے

(2) وہ سب دوائیوں پر خرچ کر دیا کرتے تھے

(3) اپنے عزیزوں اور غریبوں اور قومی کاموں میں اٹھا دیتے

(4) وہ سب روپیہ یتیم خانوں کی مدد کے لیے دے دیا کرتے تھے

**93.** ہندوستان میں کس کی ٹکر کا کوئی حکیم نہیں تھا ؟

(1) حکیم حامد علی خان کی ٹکّر کا (2) حکیم سعید کی ٹکّر کا (3) حکیم اجمل خان کی ٹکّر کا (4) حکیم اٹیس کی ٹکّر کا

CAREERINDIA

94. حکیم اجمل خان کی مدد کرنے کا انداز کیسا تھا ؟

(1) وہ دیکھ اور پرکھ کر ہی مدد کر دیا کرتے تھے

(2) وہ ایک ہاتھ سے دیتے اور دوسرے ہاتھ کو خبر نہ ہوتی

(3) وہ سب کی خاموشی سے مدد کرتے تھے

(4) وہ سب کو دِکھا کر مدد کیا کرتے تھے

95. طبیب کی جمع ہے :

(1) طباتیات (2) طبیبوں (3) طبائعات (4) اطیبائیات

96. حکیم اجمل خان کی کن سے ماہوار ہزاروں کی رقمیں بندھی ہوئی تھیں ؟

(1) ریاستی حکومتوں کی طرف سے (2) حکومت کی جانب سے

(3) نوابوں اور راجاؤں کی جانب سے (4) جاگیرداروں اور زمین داروں کی طرف سے

97. حکیم اجمل خان کی دلی سے باہر جانے کی کتنی فیس مقرر تھی ؟

(1) دو ہزار روپیہ روزانہ (2) پانچ سو روپیہ روزانہ (3) ڈیڑھ ہزار روپے روزانہ (4) ایک ہزار روپیہ روزانہ

98. حکیم اجمل خان کی نظر میں کون برابر تھے ؟

(1) ہر مذہب و ملت کے لوگ برابر تھے (2) امیر و غریب سب برابر تھے

(3) بادشاہ و فقیر سب برابر تھے (4) عام اور خاص برابر تھے

99. حکیم اجمل خان کو 1921ء تک کس حیثیت سے جانتے تھے ؟

(1) ایک اچھا دانش ور جانتے تھے (2) ایک اچھا حکیم جانتے تھے

(3) ایک اچھا انسان جانتے تھے (4) ایک سماجی کارکن جانتے تھے

www.careerindia.com

ہدایت : نیچے دیئے ہوئے شعری حصّے کو پڑھیے اور دیئے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔(سوال نمبر 100 تا 105)

کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا اک گلہری سے
تجھے ہو شرم تو پانی میں جا کے ڈوب مرے
ذرا سی چیز ہے، اس پر غرور، کیا کہنا
یہ عقل، اور یہ سمجھ، یہ شعور کیا کہنا
خدا کی شان ہے ناچیز، چیز بن بیٹھیں
جو بے شعور ہوں، یوں باتمیز بن بیٹھیں
تری بساط ہے کیا مری شان کے آگے
زمیں ہے پست مری آن بان کے آگے
جو بات مجھ میں ہے، تجھ کو وہ ہے نصیب کہاں
بھلا پہاڑ کہاں، جانور غریب کہاں

www.careerindia.com

**100.** پہاڑ نے گلہری سے کیا کہا ؟

(1) اپنے گھر چلے جانے کو
(2) شرم سے پانی میں جا کے ڈوب مرنے کو
(3) اس دنیا سے چلے جانے کو
(4) جنگل میں چلے جانے کو

**101.** پہاڑ کے نزدیک گلہری بے شعور ہو کر کیا بن بیٹھی ہے ؟

(1) با اخلاق
(2) باتمیز
(3) با آدب
(4) عقل مند

**102.** پہاڑ اپنی آن بان کے آگے کس کو پست بتا رہا ہے ؟

(1) میدانوں کو پست بتا رہا ہے
(2) دریا کو پست بتا رہا ہے
(3) جنگل کو پست بتا رہا ہے
(4) زمین کو پست بتا رہا ہے

**103.** جو بات مجھ میں ہے، تجھ کو وہ ہے ______ کہاں

دیئے ہوئے لفظوں میں سے صحیح لفظ بھریئے :

(1) فراہم
(2) نصیب
(3) حبیب
(4) میسّر

**104.** دوسرے شعر میں پہاڑ نے گلہری کو کون سی چیز کہاں ہے ؟

(1) نادر چیز (2) کمتر چیز (3) ذرا سی چیز (4) نایاب چیز

**105.** بھلا کا متضاد ہے :

(1) مخلص (2) بُرا (3) خراب (4) اچھا

**106.** کیومنس (Cummins) کے مفروضات کی آپسی انحصاریت کے مطابق درج ذیل میں سے کون ایک دوسرے پر منحصر ہوتے ہیں ؟

(1) پہلی اور دوسری زبان میں بنیادی آپسی مہارتیں (2) دوسری زبان میں تفہیم متن اور تیاری

(3) پہلی اور دوسری زبان میں وقوفی اکادمک مہارت (4) دوسری زبان میں پڑھنا اور لکھنا

**107.** زبان اور بولی کے بارے میں درج ذیل میں سے کون لسانی اعتبار سے درست ہے :

(1) زبان اور بولی کے مابین فرق و امتیاز کو ابھی تک صحیح طور سے واضح نہیں کیا گیا ہے

(2) زبان میں تحریری ادب ہوتا ہے جبکہ بولیاں صرف زبانی روایات پر مبنی ہوتی ہیں

(3) زبان اور بولیاں لسانی اعتبار سے ایک ہوتی ہیں، لیکن جغرافیائی اعتبار سے یکساں ہوتی ہیں

(4) زبان کا اپنا رسم الخط ہوتا ہے، لیکن بولیوں کا اپنا رسم خط نہیں ہوتا ہے

**108.** عذرا سات ماہ کی چھوٹی بچی ہے۔ مصوتوں اور مصمتوں کو ملا کر آواز نکالتی ہے۔ وہ کس کی مدد سے ترسیل کر رہی ہے ؟

(1) لسانی بول (2) صوتیوں (3) تتلانا (4) گوگنا

**109.** درج ذیل میں سے کون حروف اور حروف تہجی کے بجائے الفاظ اور چھوٹی کہانیوں کی مدد سے پڑھنے کی شروعات کا جواز نہیں فراہم کرتے ہیں

(1) الفاظ کے مقابلے علاحدہ حروف کو یاد کرنا زیادہ مشکل ہوتا ہے۔

(2) پڑھنا شروع کرنے والے چھوٹی اکائیوں کے بجائے بڑی اکائیوں پر زیادہ توجہ مرکوز کر سکتے ہیں۔

(3) الفاظ اور متن بامعنی ربط قائم کر لیتے ہیں جب کہ حروف ایسا نہیں کر پاتے۔

(4) الفاظ اور متن زیادہ دل چسپ ہوتے ہیں، لیکن حروف ایسا نہیں ہوتے ہیں۔

CAREERINDIA

**.110** پیداواری یا مفید لفظیات سے کیا مراد ہے

(1) پڑھنے والے کے لیے نئے الفاظ

(2) الفاظ کو ہم جیسے سنیں ویسے مان لیں

(3) جب ہم سطور سے ماورا پڑھتے ہیں تو الفاظ کو نوٹس کرتے ہیں

(4) لکھنے اور بولنے میں استعمال ہونے والے الفاظ

**.111** یہ دیکھا گیا کہ مختلف سماجی معاشی گروپ کے بولنے والے ''ق'' کا تلفظ مختلف انداز میں کرتے ہیں۔ یہ ______ کی مثال ہے۔

(1) سماجی۔نفسیاتی تنوع (2) سماجی۔لسانیاتی تنوع (3) عملی تنوع (4) سماجی۔ثقافتی تنوع

**.112** درج ذیل میں سے تفہیم متن کی حکمت عملیوں کے بارے میں غلط بیان کی نشان دہی کیجیے

(1) سرسری اور غائر دونوں مطالعوں میں متن پڑھتے ہوئے آنکھوں کو تیزی سے چلانا ہوتا ہے۔

(2) سرسری مطالعہ میں متن کا مطالعہ تیزی سے کرتے ہیں جبکہ غائر مطالعہ میں مخصوص حقائق کی تلاش ہوتی ہے۔

(3) سرسری مطالعہ میں گہرائی میں جا کر مطالعہ کرتے ہیں جبکہ غائر مطالعہ میں زیادہ ترعجلت سے مطالعہ کرتے ہیں۔

(4) سرسری مطالعہ تبصرہ کے لیے مناسب ہوتا ہے جبکہ غائر مطالعہ مخصوص سوالوں کے جواب میں معاون ہوتا ہے۔

**.113** مادری زبان پر مبنی کثیر لسانیت وکالت کرتی ہے کہ ______

(1) تمام بچے ہندی کو بطور پہلی زبان پڑھتے ہیں

(2) تمام بچے اپنی مادری زبان یا گھر کی زبان میں اسکولی تعلیم شروع کرتے ہیں

(3) تمام بچے ریاست کی زبان میں اپنی اسکولی تعلیم کا آغاز کرتے ہیں

(4) تمام بچے انگریزی اور گھر کی زبان میں اسکولی تعلیم کا آغاز کرتے ہیں

**.114** درج ذیل میں سے کون سا تصور زبان کے اکتساب کے آلہ کار (LAD) میں واضح نہیں کیا گیا ہے ؟

(1) بچوں کی لسانی ما حاصل ان کے لسانی مواد سے زیادہ کیوں ہوتی ہے

(2) بچے پہلے اپنی زبان کیسے سیکھتے ہیں

(3) بچے چار۔پانچ سال کی مختصر مدت میں زبان سیکھنے کے قابل کے ہوجاتے ہیں۔

(4) بچے مرصع زبان کیسے سیکھتے ہیں

www.careerindia.com

**.115** درج ذیل میں سے کون دوسری زبان کی تدریس کے طریقے قواعد کے اطلاق کے خصائص میں شامل نہیں ہے

(1) عمل سے زیادہ زبان کی ہیت پر توجہ مرکوز کرنا

(2) پہلی اور دوسری زبان کے قواعدی اصولوں کا تقابل

(3) دوسری زبان کے قواعد کے اصولوں کی آموزش اور مشق

(4) دوسری زبان میں راست ترسیل اور پھر دونوں زبانوں کے قواعد کے اصولوں کا تقابل

**.116** جب بچہ زبان کا استعمال کرتے ہوئے اپنے اردگرد کی چیزوں، واقعات اور مظاہر کے بارے میں پوچھنا شروع کرتے ہیں تو دوسرے کے مقابلے زبان کا سب سے زیادہ استعمال ہونے والا عمل کون ہوتا ہے

(1) آزمائشی (2) تخیلی (3) انضباطی (4) اطلاعاتی

**.117** استاد طلبا سے تجربے پر مبنی سوالوں کے جواب دینے کے طریقے کے بارے میں غور کرنے کے لیے کہتا ہے۔ اور یہ بھی پوچھتا ہے کہ اس طرح کے سوال کا جواب لکھتے ہوئے وہ کیا سوچ رہے تھے۔ یہ ________ کی مثال ہے۔

(1) مابعد نشانیات (2) مابعد وقوف (3) استعارہ (4) مابعد لسانیت

**.118** درج ذیل میں سے کرشن (Krashen) کا کون سا مفروضہ وائیگوٹسکی (Vygotsky) کے ZPD سے مشابہت رکھتا ہے

(1) موثر فلٹر کا مفروضہ (2) مواد کا مفروضہ (3) نگراں کا مفروضہ (4) فطری ترتیب کا مفروضہ

**.119** درج ذیل میں سے کس مہارت کو متن کو سمجھ کر پڑھنے کے لیے اہم نہیں سمجھا جاتا ہے ؟

(1) اب تک پڑھے گئے متن کا ذہنی خلاصہ بیان کرنا (2) انفرادی حروف / حروف تہجی پر زور دینا

(3) آئندہ متن کے بارے میں توقع کرنا (4) واقعات یا نظریات کو ترتیب دینا اور تجزیہ کرنا

**.120** انسانی زبان کی کس خصوصیت کی بنا پر انسان ان چیزوں کے بارے میں بات کرسکتا ہے جو فی الحال (زمان و مکان) موجود نہیں ہیں۔

(1) انفرادیت (2) انتقالیت (3) من مانا پن (4) ساختیاتی انحصاریت

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**اُمّید وارسوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150)**
**صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔**

Candidates should attempt the questions from **Part-V (Q.No. 121-150)**, if they have opted **URDU** as **Language-II** only.

www.careerindia.com

CAREERINDIA

# PART-V
## LANGUAGE-II
## URDU

اُمّید وارسوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگرانھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**ہدایت : نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیئے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : (سوال نمبر 121 تا 128)**

خشکی پر ان بڑے جانوروں کے بعد جو نمونے نظر آئے وہ تھے تو ایسے ہی ڈراونے ،مگر ان میں آج کل کے جانوروں کی طرح یہ صفت بھی تھی کہ وہ اپنے بچّوں کو شروع میں دودھ پلا کر پالتے تھے۔ ایسے جانور شاید اس لیے کہ وہ غولوں میں رہتے تھے۔ ماں باپ کو اولاد سے محبّت تھی اور وہ اپنے بچّوں کی حفاظت کرتے تھے۔ پہلی قسم کے جانوروں سے زیادہ سخت جان نکلے اور دنیا کی مصیبتوں کو جھیل لے گئے۔ پھر بھی ان کی بہت سی قسمیں مٹ گئیں۔ جو باقی بچیں ان کے بھی جسموں میں ایسی تبدیلیاں ہوتی رہیں کہ وہ موسم کی سختیوں کو زیادہ اچھی طرح برداشت کرسکیں۔ اسی طرح ترقی کرتے کرتے جانوروں کی ایک قسم نے ایسی شکل پائی ہوگی جو آدمیوں کی شکل سے کچھ ملتی جلتی ہوگی۔ جانوروں کی اس قسم کو بن مانس کہہ سکتے ہیں۔

**121.** غول کی جمع ہے :

(1) غولا تاتین (2) غولوں (3) غولاتیں (4) غولیاتیات

**122.** آدمی کی شکل وصورت سے ملتی جلتی جانوروں کی اس قسم کو آسانی سے کیا کہہ سکتے ہیں ؟

(1) اچھا مانس (2) بن مانس (3) بھلا مانس (4) آدی واسی

**123.** بڑے جانوروں کے جو نئے نمونے خشکی پر نظر آئے وہ کیسے تھے ؟

(1) بدنما (2) ڈراونے (3) انوکھے (4) بھیانک

**124.** ترقی کا متضاد ہے :

(1) شادمانی (2) خوشحالی (3) تنزّلی (4) کامرانی

**125.** ان بڑے جانوروں میں آج کل کے جانوروں کی کون سی خصوصیت تھی؟

(1) وہ اپنے بچّوں کو ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتے تھے
(2) وہ اپنے بچّوں کی دیکھ بھال کرتے تھے
(3) وہ اپنے بچّوں کو شروع میں دودھ پلاتے تھے
(4) اوہ اپنے بچّوں کو کھانا کھانے میں مدد کرتے تھے

www.careerindia.com

**126.** بڑے جانوروں میں کن تبدیلیوں کی وجہ سے وہ کس کی سختیوں کو اچھی طرح برداشت کر سکے ؟

(1) کائنات کی سختیوں کو برداشت کر سکے
(2) موسم کی سختیوں کو برداشت کر سکے
(3) بھوک پیاس کی سختیوں کو برداشت کر سکے
(4) انسان کی سختیوں کو برداشت کر سکے

**127.** بڑے جانور کیسے رہتے تھے ؟

(1) تنہائی میں رہا کرتے تھے
(2) الگ تھلگ رہتے تھے
(3) غولوں میں رہتے تھے
(4) غاروں میں رہا کرتے تھے

**128.** بڑے جانور اپنی اولاد سے محبّت کے ساتھ اور کیا کرتے تھے ؟

(1) وہ اپنے بچّوں کو کھانا کھلاتے تھے
(2) وہ اپنے بچّوں کی حفاظت کرتے تھے
(3) وہ اپنے بچّوں کو شکار کرنا بتاتے تھے
(4) وہ اپنے بچّوں کو سدا اپنے ساتھ رکھتے تھے

**ہدایت : نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیئے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : (سوال نمبر 129 تا 135)**

جنگ پورہ کی چوکی کے پاس ایک چنگی گھر بھی تھا۔ وہاں منشی رام شرما کام کرتے تھے۔ چنگی وصول کرنے میں بڑے چوکس تھے۔ انھیں بچّوں سے اتنی دلچسپی تھی کہ جب کسی بچے کو دیکھتے تو بہت پیار سے بات چیت کرتے۔ رشید بھی منشی جی کے پاس جایا کرتا تھا اور مشکل لفظوں کے معنی پوچھ لیتا تھا۔ ان کی چنگی کا کام اتنا زیادہ تھا کہ رشید کو بہت انتظار کرنا پڑتا تھا۔ منشی جی چھٹی کے دن دلی گئے تو اردو بازار سے ایک کتاب خرید لائے۔

**129.** رشید منشی جی کے پاس جا کر کیا کرتا تھا ؟

(1) کھیلوں سے متعلق پوچھتا تھا
(2) مشکل لفظوں کے معنی پوچھتا تھا
(3) حساب کے سوالات معلوم کرتا تھا
(4) تاریخ سے متعلق پوچھتا تھا

**130.** منشی رام شرما کہاں کام کرتے تھے ؟

(1) ایک چنگی گھر میں
(2) ایک بجلی گھر میں
(3) ایک ڈاک گھر میں
(4) ایک تار گھر میں

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**131.** یہ چنگی گھر کہاں پر تھا ؟

(1) کالیس ہیٹرا میں (2) پیتم پورہ میں (3) جنگ پورہ میں (4) ریگڑ پورہ میں

**132.** منشی جی بچوں کو دیکھ کر کیا کرتے تھے ؟

(1) ان کو پڑھنے لکھنے میں بہت مدد کرتے تھے

(2) بہت پیار سے بات چیت کرتے تھے

(3) ان کے ساتھ وقت گزارتے تھے

(4) ان کو کھانے پینے کی چیزیں دیتے تھے

**133.** لفظ کی جمع ہے :

(1) لفاظاتیں (2) لفظوں (3) لفاظوں (4) لفاظتوں

**134.** خرید کا متضاد ہے :

(1) دینا (2) فروخت (3) بیچنا (4) لینا

**135.** منشی جی کہاں سے کتاب خرید لائے ؟

(1) اتوار بازار سے (2) کتاب میلے سے (3) اردو بازار سے (4) کباڑی بازار سے

www.careerindia.com

**136.** درج ذیل میں سے کون ادبِ اطفال کے پسندیدہ خاصے میں شامل نہیں ہے

(1) جاذب تصاویر
(2) جانوروں کے کردار
(3) واضح اخلاقی اقدار
(4) بڑا فانٹ سائز اور مانوس الفاظ

**137.** بنیادی ترسیلی مہارتیں (BICS) جانی جاتی ہیں ______

(1) بین زبان
(2) زبان کی اعلا مہارتیں
(3) استخراج و تجرید کی زبان
(4) روزمرہ کی ترسیل کے لیے مستعمل زبان

**138.** درج ذیل میں سے کون شمولیتی کلاس روم کی تخلیق میں معاون نہیں ہوتا ہے

(1) کلاس میں کچھ طلبا کو مانیٹر بنا دینا
(2) ہم جولیوں کا گروپ میں تعامل اور فیڈ بیک کا نظام
(3) ٹیم میں کام دینا
(4) کثیر لسانی طریقہ اپنانا

**139.** اسٹیفن کریشن (Stephen Krashen) کے پیش کردہ Monitor Hypothesis کے حوالے کون درست نہیں ہے

(1) آموزگار اس وقت نگرانی کر سکتا ہے جب اس کے پاس کافی وقت اور اصولوں کی کافی معلومات ہو
(2) یہ دوسری زبان کے اکتساب سیاق میں ہی برتا جاتا ہے
(3) یہ اکتساب اور آموزش کے مابین رشتوں کی بنیاد پر ہوتا ہے
(4) اکتساب اور آموزش کی نگرانی میں معاون ہوتا ہے

**140.** ہندی بولنے والے طلبا کو ایک استاد انگریزی بطور دوسری زبان پڑھا تا ہے۔اور واضح اصولوں کی وضاحت کیے بغیر انھیں تھوڑی بہت انگریزی میں بات کرنے کا سیاق اور موقع فراہم کرتا ہے۔طلبا کی انگریزی میں بات چیت سے پہلے استاد ان کے سامنے بطور نمونہ کچھ مثالیں پیش کرتا ہے۔آ گے چل کر دھیرے دھیرے استاد کی مدد سے وہ قواعد بھی سیکھ لیتے ہیں۔اس طرح استاد کس طریقۂ تدریس کو مان رہا ہے ؟

(1) راست طریقہ (2) قواعد کے اطلاق کا طریقہ (3) سمعی۔لسانی طریقہ (4) ترسیلی طریقہ

**141.** درج ذیل میں کون متن کی تفہیم اور لفظیات کے فروغ میں معاون نہیں ہوگا

(1) تصویری لغات (2) لفظوں کا نقشہ (3) حروف تہجی کا چارٹ (4) مرکزی خیال کا نقشہ

**142.** کہانیوں کی کون سی قسم کثیر لسانیت اور متنوع ثقافت کے فروغ کے لیے سب سے موزوں ہے

(1) مافوق الفطرت کہانیاں (2) لوک کہانیاں (3) سوانح عمریاں (4) سائنس فکشن

**143.** درج ذیل میں سے کون ترسیلی طریقے کا خاصہ نہیں ہے

(1) ترسیلی مہارت کا فروغ

(2) عمل سے زیادہ ہیت پر توجہ

(3) زبان کا سیاق میں استعمال

(4) وضع تدریس کے بجائے قواعد کے اصولقوں کی بازیافت

**144.** جب ایک نو آموز گار مخصوص متن کے مواد کو سمجھنے کے لیے موضوع سے متعلق عام معلومات اور ثقافتی پہلوؤں کو استعمال کرتا ہے تو اسے کہتے ہیں ______

(1) نیچے سے نیچے کا طریقہ (2) اوپر سے نیچے کا طریقہ (3) اوپر سے اوپر کا طریقہ (4) نیچے سے اوپر کا طریقہ

**145.** اندازۂ قدر کی دو اہم قسموں کے حوالے سے درج ذیل بیانات میں سے کون درست ہے

(1) تکمیلی جانچ آموزش سے پہلے اور درمیان میں کی جاتی ہے

(2) تشکیلی جانچ آموزش کے عمل کے بجائے ہیئت پر زور دیتی ہے

(3) تکمیلی جانچ پورے سال سال ہونے والی جانچ کا مجموعی کل عمل ہوتی ہے

(4) تشکیلی جانچ آموزش کے ہر مرحلے میں مسلسل ہوتی رہتی ہے

**146.** آموزش میں خلا پر غور کرنے کے لیے غلطیوں کا تجزیہ بہت اہم ہے۔ کیوں کہ

(1) غلطیاں تصورات کے فروغ اور ترغیب کو ظاہر کرتی ہیں

(2) زیادہ تر غلطیاں طلبا کے بے حس رویے کے باعث ہوتی ہیں

(3) غلطیاں آموزگاروں کے ذہن اور ان کے آموزشی مراحل کی کھڑکیاں ہیں

(4) غلطیاں آموزگار کی تفہیم میں کمی کا عندیہ ہیں

**147.** اندازۂ قدر کے بارے میں کون درست نہیں ہے

(1) اسے صرف استاد کر سکتا ہے

(2) طلبا کی پیش رفت کا کل منظر پیش کرتا ہے

(3) طلبا کی کارکردگی کا ٹھوس ثبوت پیش کرتا ہے

(4) طلبا کی پیش رفت کی رفتار کے تعین قدر میں معاون ہوتا ہے

**148.** درج ذیل میں سے کون آموزش کا اہم حصہ نہیں ہے

(1) نفسیاتی حرکی (2) وقوفی (3) سماجی۔نقالی (4) متاثر کن

**149.** درج ذیل میں سے کون تشکیلی اندازۂ قدر کی مثال نہیں ہے

(1) پورے سیشن میں مختصر ٹسٹ لے کر ہم جولیوں کے ذریعے نظر ثانی تک کی حکمت عملیاں

(2) پورے سیشن میں بہت سے زبانی اور تحریری کام اور رول پلے وغیرہ

(3) سیشن کے اختتام پر ایک ٹرم پیپر

(4) ایک خاص وقت ہی جامع تحریری ٹسٹ اور دوسرے کاموں کا مجموعہ

**150.** پ کو ب لکھنے یا پڑھنے اور 6 کو 9 لکھنے یا پڑھنے میں بچے عموماً غلطیاں کرتے ہیں۔ یہ ہے ______

(1) ڈسلکسیا (Dyslexia)

(2) تتلانا یا ہکلانا (Stuttering)

(3) افاسیا (Aphasia)

(4) انومیا (Anomia)

- o O o -

www.careerindia.com

SPACE FOR ROUGH WORK

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**نیچے لکھی ہدایات کو غور سے پڑھیے :**

1. مختلف سوالات کے جوابات دینے کی ترتیب کو واضح طور پر ٹیسٹ بک لیٹ میں دیا گیا ہے۔ آپ سوالوں کا جواب دینے سے قبل اس کو دھیان سے پڑھ لیں۔
2. ہر سوال کے جواب میں دیے گئے چار متبادلوں میں سے درست جواب کے دائرے کو کالے / نیلے بال پوائنٹ پین سے OMR جوابی شیٹ کی دوسری جانب پوری طرح گہرا کر کے بھر دیں۔ جواب پر ایک بار نشان لگانے کے بعد اُسے تبدیل نہیں کیا جاسکتا۔
3. امیدوار کو اچھی طرح دیکھ لینا چاہیے کہ جوابی شیٹ موڑی نہ گئی ہو۔ جوابی شیٹ پر کسی قِسم کا کوئی نشان نہ چھوڑیں، جوابی شیٹ میں نشان زد کی جگہ کے علاوہ اپنا رول نمبر کہیں دوسری جگہ نہ لکھیں۔
4. سوالنامے اور جوابی شیٹ کو احتیاط سے استعمال کریں، دوسری جوابی شیٹ کسی بھی حال میں (سوائے سوالنامہ کوڈ یا نمبر اور جوابی شیٹ کے کوڈ یا نمبر کے فرق کے) نہیں دی جائے گی۔
5. امیدوار حاضری کے کاغذ پر، جوابی شیٹ / سوالنامے میں دیے گئے کوڈ کو بالکل درست اور اسی طرح لکھیں جس طرح وہ سوالنامے میں لکھا گیا ہے۔
6. OMR جوابی شیٹ میں بھری ہوئی معلومات کو ایک مشین کے ذریعے پڑھا جائے گا۔ کوئی بھی معلومات داخلہ کا دور میں دی گئی معلومات سے مختلف نہ ہو اور ادھوری نہ ہوں۔
7. امیدوار کو اپنے داخلہ کارڈ کے علاوہ کسی بھی قِسم کا درسی مواد، چھپا ہوا یا لکھا ہوا کاغذ کا ٹکڑا، موبائل فون، پیجر، الیکٹرونک آلات امتحان ہال میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔
8. امیدوار کو موبائل فون، وائرلیس کمیونی کیشن کے ڈوائسوں کو امتحان ہال کے کمروں میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ امیدوار کو ان کے مفاد میں یہ صلاح دی جاتی ہے کہ وہ اپنے پاس موبائل فون یا کسی دوسرے کمیونی کیشن کو سوئچ آف کر کے بھی اپنے پاس نہ رکھیں۔ ان ہدایت پر عمل نہ کرنے پر امتحان ہال میں غیر مناسب ذرائعوں کا استعمال سمجھا جائے گا اور ان کے خلاف کاروائی کی جائے گی، ان امیدواروں کے امتحان کو ردّ بھی کیا جاسکتا ہے۔
9. امیدوار کو نگراں کے مانگے جانے پر اپنا داخلہ کارڈ دکھانا ہوگا۔
10. سینٹر سپرنٹنڈنٹ یا نگراں کی اجازت کے بغیر کوئی امیدوار اپنی جگہ نہیں چھوڑے گا۔
11. امیدوار جوابی شیٹ ہال میں موجود نگراں کے سپرد کئے بغیر یا حاضری پر دوبارہ دستخط کئے بغیر کمرے / ہال سے باہر نہیں نکلیں گے۔ اگر امیدوار حاضری کے کاغذ پر دوبارہ دستخط نہیں کرتا تو اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ اس نے جوابی شیٹ جمع نہیں کرائی اور اسے غیر قانونی ذرائع کا استعمال سمجھا جائے گا۔ **امیدوار اپنے بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کا نشان حاضری کے کاغذ پر دی گئی جگہ میں لگائیں۔**
12. الیکٹرونک / ہاتھ کے کیلکولیٹر کا استعمال ممنوع ہے۔
13. امیدوار کمرۂ امتحان میں، بورڈ کے اصول وضوابط کے پابند ہوں گے۔ غیر قانونی ذرائع کے استعمال کے تمام معاملات سے بورڈ کے اصول وضوابط کے تحت ہی نپٹا جائے گا۔
14. سوالنامے یا شیٹ کا کوئی حصّہ کسی بھی وجہ سے سوالنامے / جوابی شیٹ سے الگ نہیں کیا جائے گا۔
15. **امتحان ختم ہونے پر امیدواروں کو جوابی شیٹ ڈیوٹی پر موجود نگراں کے سُپرد کرنی ہوگی۔ امیدوار کو سوال نامہ اپنے ساتھ لے جانے کی اجازت ہوگی۔**

## निम्नलिखित निर्देशों को ध्यान से पढ़ें :

1. जिस प्रकार से विभिन्न प्रश्नों के उत्तर दिए जाने हैं उसका वर्णन परीक्षा पुस्तिका में किया गया है, जिसे आप प्रश्नों का उत्तर देने से पहले ध्यान से पढ़ लें।
2. प्रत्येक प्रश्न के लिए दिए गए चार विकल्पों में से सही उत्तर के लिए OMR उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** पर केवल एक वृत्त को ही पूरी तरह **नीले/काले बॉल पॉइन्ट पेन** से भरें। एक बार उत्तर अंकित करने के बाद उसे बदला नहीं जा सकता है।
3. परीक्षार्थी सुनिश्चित करें कि इस OMR उत्तर पत्र को मोड़ा न जाए एवं उस पर कोई अन्य निशान न लगाएँ। परीक्षार्थी अपना अनुक्रमांक OMR उत्तर-पत्र में निर्धारित स्थान के अतिरिक्त अन्यत्र न लिखें।
4. परीक्षा पुस्तिका एवं OMR उत्तर पत्र का ध्यानपूर्वक प्रयोग करें, क्योंकि किसी भी परिस्थिति में (केवल परीक्षा पुस्तिका एवं OMR उत्तर पत्र के कोड या संख्या में भिन्नता की स्थिति को छोड़कर) दूसरी परीक्षा पुस्तिका उपलब्ध नहीं करायी जाएगी।
5. परीक्षा पुस्तिका/OMR उत्तर पत्र में दिए गए परीक्षा पुस्तिका कोड व संख्या को परीक्षार्थी सही तरीके से उपस्थिति-पत्र में लिखें।
6. OMR उत्तर पत्र में कोडित जानकारी को एक मशीन पढ़ेगी। इसलिए कोई भी सूचना अधूरी न छोड़ें और यह प्रवेश-पत्र में दी गई सूचना से भिन्न नहीं होनी चाहिए।
7. परीक्षार्थी द्वारा परीक्षा हॉल/कक्ष में प्रवेश-पत्र के सिवाय किसी प्रकार की पाठ्य-सामग्री, मुद्रित या हस्तलिखित, कागज़ की पर्चियाँ, पेजर, मोबाइल फोन, इलेक्ट्रॉनिक उपकरण या किसी अन्य प्रकार की सामग्री को ले जाने या उपयोग करने की अनुमति नहीं है।
8. मोबाइल फोन, बेतार संचार युक्तियाँ (स्विच ऑफ अवस्था में भी) और अन्य प्रतिबंधित वस्तुएँ परीक्षा हॉल/कक्ष में नहीं लाई जानी चाहिए। इस सूचना का पालन न होने पर इसे परीक्षा में अनुचित साधनों का प्रयोग माना जाएगा और परीक्षार्थी विरुद्ध कार्यवाही की जाएगी, परीक्षा रद्द करने सहित।
9. पूछे जाने पर प्रत्येक परीक्षार्थी, निरीक्षक को अपना प्रवेश-पत्र दिखाएँ।
10. केन्द्र अधीक्षक या निरीक्षक की विशेष अनुमति के बिना कोई परीक्षार्थी अपना स्थान न छोड़ें।
11. कार्यरत निरीक्षक को अपना OMR उत्तर पत्र दिए बिना एवं उपस्थिति-पत्र पर दुबारा हस्ताक्षर किए बिना परीक्षार्थी परीक्षा हॉल/कक्ष नहीं छोड़ेंगे। यदि किसी परीक्षार्थी ने दूसरी बार उपस्थिति-पत्र पर हस्ताक्षर नहीं किए, तो यह माना जाएगा कि उसने OMR उत्तर पत्र नहीं लौटाया है और यह अनुचित साधन का मामला माना जाएगा। **परीक्षार्थी अपने बाएँ हाथ के अंगूठे का निशान उपस्थिति-पत्र में दिए गए स्थान पर अवश्य लगाएँ।**
12. इलेक्ट्रॉनिक/हस्तचालित परिकलक का उपयोग वर्जित है।
13. परीक्षा हॉल/कक्ष में आचरण के लिए परीक्षार्थी परीक्षण संस्था के सभी नियमों एवं विनियमों द्वारा नियमित हैं। अनुचित साधनों के सभी मामलों का फैसला परीक्षण संस्था के नियमों एवं विनियमों के अनुसार होगा।
14. किसी भी परिस्थिति में परीक्षा पुस्तिका और OMR उत्तर पत्र का कोई भाग अलग न करें।
15. **परीक्षा सम्पन्न होने पर, परीक्षार्थी हॉल/कक्ष छोड़ने से पूर्व OMR उत्तर पत्र निरीक्षक को अवश्य सौंप दें।** ***परीक्षार्थी अपने साथ इस परीक्षा पुस्तिका को ले जा सकते हैं।***

## READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY :

1. The manner in which the different questions are to be answered has been explained in the Test Booklet which you should read carefully before actually answering the questions.
2. Out of the four alternatives for each question, only one circle for the correct answer is to be darkened completely with **Blue / Black Ball Point Pen** on **Side-2** of the OMR Answer Sheet. The answer once marked is not liable to be changed.
3. The candidates should ensure that the OMR Answer Sheet is not folded. Do not make any stray marks on the OMR Answer Sheet. Do not write your Roll No. anywhere else except in the specified space in the OMR Answer Sheet.
4. Handle the Test Booklet and OMR Answer Sheet with care, as under no circumstances (except for discrepancy in Test Booklet Code or Number and OMR Answer Sheet Code or Number), another set will be provided.
5. The candidates will write the correct Test Booklet Code and Number as given in the Test Booklet/OMR Answer Sheet in the Attendance Sheet.
6. A machine will read the coded information in the OMR Answer Sheet. Hence, no information should be left incomplete and it should not be different from the information given in the Admit Card.
7. Candidates are not allowed to carry any textual material, printed or written, bits of papers, pager, mobile phone, electronic device or any other material except the Admit Card inside the examination hall/room.
8. Mobile phones, wireless communication devices (even in switched off mode) and the other banned items should not be brought in the examination halls/rooms. Failing to comply with this instruction, it will be considered as using unfair means in the examination and action will be taken against the candidate including cancellation of examination.
9. Each candidate must show on demand his/her Admit Card to the Invigilator.
10. No candidate, without special permission of the Centre Superintendent or Invigilator, should leave his/her seat.
11. The candidates should not leave the Examination Hall/Room without handing over their OMR Answer Sheet to the Invigilator on duty and sign the Attendance Sheet twice. Cases where candidate has not signed the Attendance Sheet second time will be deemed not to have handed over the OMR Answer Sheet and dealt with as an unfair means case. **The candidates are also required to put their left hand THUMB impression in the space provided in the Attendance Sheet.**
12. Use of Electronic/Manual Calculator is prohibited.
13. The candidates are governed by all Rules and Regulations of the Examining Body with regard to their conduct in the Examination Hall/Room. All cases of unfair means will be dealt with as per Rules and Regulations of the Examining Body.
14. No part of the Test Booklet and OMR Answer Sheet shall be detached under any circumstances.
15. **On completion of the test, the candidate must hand over the OMR Answer Sheet to the Invigilator in the Hall / Room.** ***The candidates are allowed to take away this Test Booklet with them.***

www.careerindia.com